اس نمبر کے چار ابواب ہیں: تحفظ ماحولیات، مرض اور مریض، صحت و تندرستی، طبِ نبویؐ۔ کُل ۳۵ مقالات ہیں۔ کچھ لکھنے والوں کے نام سے رسالے کے اعلیٰ معیار کا اندازہ ہوگا: حکیم محمد سعید، ڈاکٹر حمیداللہ، مولانا محمد تقی عثمانی، ڈاکٹر گوہر مشتاق، ڈاکٹر اُمِ کلثوم، ڈاکٹر عبدالحی عارفی، ڈاکٹر عطاء الرحمٰن، حکیم طارق محمود چغتائی، حکیم راحت نسیم سوہدروی، ڈاکٹر خالد غزنوی، ڈاکٹر سیّد عزیز الرحمٰن، مولانا امیرالدین مہر، ارشاد الرحمٰن۔ بعض موضوعات: ماحولیات، جدید چیلنج اور تعلیماتِ نبویؐ، بیماریاں اور پریشانیاں، نعمت یا زحمت، دل کی صحت اور اس پر عبادت کے اثرات، حفظانِ صحت اور شریعت مطہرہ، روزے کی جسمانی اور نفسیاتی افادیت اور طب نبویؐ۔ زیتون، انجیر، کھجور، کلونجی اور شہد کے فوائد پر علیحدہ علیحدہ مضامین ہیں۔ نمبر کو سلیقے سے ترتیب دیا گیا ہے۔

کچھ 'لطائف' بھی ہیں جنھیں نظرانداز نہیں کیا جاسکتا ہے۔ ۱۶ویں جلد کے اس شمارہ ۶ پر نومبر دسمبر ۲۰۱۶ء لکھا گیا ہے۔ فہرست میں مختلف حصوں کے صفحات نمبر میں پہلا تو ۱۱ تا ۸۰ درست ہے، لیکن اس کے بعد ۲۴۰ تا ۸۱، ۲۷۴ تا ۳۴۱، ۴۴۴ تا ۳۷۵ درج کیے گئے ہیں۔ (مسلم سجاد)

فانوس علامہ اقبال نمبر (شمارہ اپریل مئی ۲۰۱۶ء)، مدیر: خالد علیم۔ ناشر: ماہ نامہ فانوس، طفیل ٹاور، ۱۶-بی، لال دین سٹریٹ، ۳۵ جیل روڈ، لاہور۔ صفحات: ۴۸۰۔ قیمت: ۶۰۰ روپے۔

علامہ اقبال کی شخصیت شاید وہ واحد علمی ہستی ہے جس کی زندگی ہی میں اردو کے معروف ادبی جریدے ماہ نامہ نیرنگ خیال نے ۱۹۳۲ء میں ۳۰۸ صفحات کا ایک ضخیم خاص اقبال نمبر شائع کیا تھا۔ اس کے بعد سے اب تک سیکڑوں اقبال نمبر چھپے ہیں، اور یہ سلسلہ جاری ہے۔ زیرنظر خاص شمارہ سات حصوں میں منقسم ہے اور ہر حصّے کا سرِعنوان علامہ اقبال کی کوئی نہ کوئی فارسی ترکیب ہے۔

ڈاکٹر مقبول الٰہی کا مضمون (علامہ اقبال بہ حیثیت مردِ استقبال) نہایت اہم ہے۔ اس کے علاوہ ناصر عباس نیر، غفور شاہ قاسم، رفیع الدین ہاشمی، افضل حق قرشی اور محمد شکور طفیل کے غیرمطبوعہ مضامین شاملِ اشاعت ہیں اور نسبتاً یہ اقبالیاتِ تازہ سے بحث کرتے ہیں۔

ایک حصّہ عبدالمجید سالک، مولوی عبدالرزاق حیدرآبادی، چراغ حسن حسرت، مولانا عبدالرزاق کان پوری اور ڈاکٹر تحسین فراقی کے مطبوعہ منتخب مضامین پر مشتمل ہے۔ منظوم حصّے میں نئے پرانے شاعروں کی منظومات اور کلامِ اقبال پر مشتمل تضمینات شامل ہیں۔

فانوس کا یہ نمبر علامہ اقبال پر ایک حوالے کا درجہ رکھتا ہے اور اسے محنت اور کاوش سے مرتب کیا گیا ہے۔(قاسم محمود احمد)

صحت و مرض اسلام کی نظر میں، محمد اسرار بن مدنی۔ ناشر: تحقیقات پبلشرز، صوابی۔ ملنے کا پتا: نیشنل ای وسی، ڈی بلاک، ای پی آئی بلڈنگ، چک شہزاد، پارک روڈ، ایس آئی ایچ، اسلام آباد۔ صفحات: ۱۲۶۔ قیمت: درج نہیں۔

اس مختصر کتاب کا نصف پولیو کے حوالے سے ہے جو اس تیسرے اڈیشن میں اضافہ ہے۔ غالباً اس لیے کہ اس کی ویکسین کے بارے میں افواہیں مسلم معاشروں کا مسئلہ بنی ہوئی ہیں۔ ہمارے ہاں خواتین ورکرز باقاعدہ محافظوں کے ساتھ جاتی ہیں، پھر بھی حادثات ہوتے رہتے ہیں۔ عالم اسلام کی جامعات و شخصیات کے فتاویٰ کی عکسی نقول پیش کی گئی ہیں (۲۲صفحات)۔ پولیو پر حقائق (۴۱صفحات) سے آگاہ کیا گیا ہے۔ پہلے چار ابواب میں صحت کے بارے میں عمومی بات کی گئی ہے (۷صفحات)۔ بچے کی صحت کے حوالے سے (۹صفحات) اور ماں کی صحت کے حوالے سے (۹صفحات) دیے گئے ہیں۔ ۱۳وبائی امراض پر ۱۷صفحات دیے گئے ہیں، یعنی مختصر طور پر علامات، اسباب وغیرہ۔ قرآنی آیات اور نبوی روایات کی روشنی میں، جاذب فکر ونظر، روح پرور، موضوعات زیر بحث لائے گئے ہیں۔ اصولِ صحت، آداب اکل وشرب، طیبات کے فوائد منافع، خبائث کے قبائح، والدہ محترمہ کی توقیر، اولاد کے حقوق، مریض کی عیادت و تیمارداری، علاج اور پرہیز—— ۱۲۰صفحات کے کوزے میں کتنا سمندر بند کیا جاتا۔(مسلم سجاد)

تعارف کتب

◉ **میرا مطالعہ**، عرفان احمد، عبدالرؤف۔ ناشر: ایمل مطبوعات، ۱۲سیکنڈ فلور، مجاہد پلازہ، بلیو ایریا، اسلام آباد۔ فون: ۲۸۰۳۰۹۶-۰۵۱۔ صفحات: ۳۰۰ (بڑی تقطیع)۔ قیمت: ۶۵۰ روپے۔[اس کتاب میں متعدد معروف ادیبوں اور دانش وروں نے اپنے مطالعاتی ذوق کی ابتدا، ارتقا، عادات اور مسائل کو رواں دواں انداز میں بیان کیا ہے۔ ان احباب میں سے چند ایک کے نام یہ ہیں: ڈاکٹر محمود احمد غازی، ڈاکٹر انور سدید، مولانا زاہد الراشدی، ڈاکٹر صفدر محمود، ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی، ڈاکٹر مبارک علی، طارق جان، تحسین فراقی، احمد جاوید، ڈاکٹر معین الدین عقیل، زاہدہ حنا، عامر خاکوانی، وغیرہ شامل ہیں۔]